اپریل ۲۰۲۶ء جماعت کا کام جمعہ

عنوان: آخرت
مختصر سوالات

س: پانچ ارکان ایمان کے نام لکھیں۔

ج: ۱: اللہ پر ایمان۔
۲: رسولوں پر ایمان۔
۳: فرشتوں پر ایمان۔
۴: آسمانی کتابوں پر ایمان۔
۵: آخرت پر ایمان۔

س۲: دنیا کو آخرت کی کھیتی کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: کیونکہ آخرت میں انسان کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار اس دنیا میں اس کے کیے گئے کاموں پر ہے۔

س: قرآن مجید میں موجود آخرت کے کوئی سے تین

نام لکھیں۔

۱: یوم القیامۃ
۲ یوم الحاقۃ
۳: یوم الدین

س: آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں یہ زندگی کیسے گزارنی چاہیے؟

ج ہمیں زندگی اللہ اور رسولؐ کے حکم کے مطابق
گزارنی چاہیے اللہ اور رسولؐ نے ہمیں جن کاموں کے
کرنے کا حکم دیا ہے اُن پر عمل کرنا چاہیے اور جن کاموں سے
منع کیا ہے اُن سے رُک جانا چاہیے۔

CS CamScanner

اپریل ۲۰۲۴ء ۲۱                    جماعت کا کام                    جمعرات

عنوان: آخرت                    صفحہ 15

س ۱: قرآن اور حدیث کی روشنی میں آخرت کی اہمیت بیان کریں۔

ج: آخرت پر ایمان کا مطلب ہے اس بات پر یقین رکھا جائے کہ دنیا کی زندگی عارضی ہے اور یہ زندگی ایک دن ختم ہو جائے گی
قرآن مجید میں ارشاد ہے
ترجمہ: تو جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ (بھی) اسے دیکھ لے گا۔
نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ترجمہ:
اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔
نبی کریم ﷺ نے فرمایا ترجمہ:
دنیا میں اس طرح زندگی بسر کرو جس طرح اجنبی یا راہ چلتا مسافر

## عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر اثرات

آخرت پر ایمان رکھنے کے جو اثرات انسانی زندگی پر پڑتے ہیں اُن میں سے چند ایک یہ ہیں۔

- انسان کے اندر نیک کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- انسان جھوٹ بولنے اور دیگر بُرائیوں سے رک جاتا ہے۔
- انسان اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچ جاتا ہے۔
- عقیدۂ آخرت سے انسان میں اچھے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔
- عقیدۂ آخرت سے انسان میں جواب دہی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔
- انسان چھوٹے بڑے ہر طرح کے گناہ سے دور رہنے کی کوشش کرتا ہے۔

CamScanner